بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَٰنِ ٱلرَّحِيمِ

جلیل القدر عالم دین شیخ عطاء بن خلیل ابو الرشتہ کا 1437ھ / 2016 کے رمضان المبارک کی آمد پر اپنے صفحات کو دیکھنے والوں کے نام پیغام

تمام تعریفیں اللہ کے لیے ہیں اور درود وسلام ہو رسول اللہ ﷺ پر، آپ کے آل اور صحابہ رضی اللہ عنھم پر اور ان لوگوں جو آپ ﷺ کی پیروی کریں، امابعد:

عظیم امت مسلمہ کے نام جو بہترین امت ہے جس کو لوگوں کے لیے پیدا کیا گیا ہے۔۔۔

دعوت کے علمبردار اُن جوان مردوں کے نام جن کو تجارت اور کاروبار اللہ کے ذکر سے غافل نہیں کرتا۔۔۔

صفحات کو دیکھنے والے ان کرم فرماوں کے نام جو خیر اور اہل خیر سے محبت کرتے ہیں اور اس پر عمل کرتے ہیں۔۔۔

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ،

میں آپ سب کو رمضان کے مقدس مہینے کی مبارک باد پیش کرتا ہو جس میں قرآن نازل ہوا:شھر رمضان الذی انزل فیہ القرآن ھدیً للنّاس وبیناتٍ من الھدی والفرقان " رمضان وہ مہینہ ہے جس میں قرآن نازل کیا گیا جو انسانوں کے لئے سراسر ہدایت ہے اور ایسی واضح تعلیمات پر مشتمل ہے جو راہ راست دیکھانے والی اور حق و باطل کا فرق کھول کر رکھ دینے والی ہے" ۔ میں اللہ سبحانہ وتعالیٰ سے دعا گو ہوں کہ وہ تمام مسلمانوں کے روزے اور قیام کو قبول فرمائے، اور یہ مہینہ خیر وبرکت کے دروازے کھولنے والا بنے، اور خلافت راشدہ کے قیام کے ذریعے کامیابی کی تمہید بنے، تاکہ امت عقاب کے پرچم کے سائے میں آئے، جو کہ لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ کا جھنڈا ہے، یوں ایک بار پر پہلے کی طرح باعزت طاقتور اور اپنے رب کی مدد اور اپنے دین کے ذریعے غالب آئے، ویومئذ یفرح المومنون* بنصر اللہ ینصر من یشاء وھو العزیز الرحیم " اس دن مومنین خوش ہوں گے اللہ کی مدد سے اور وہی جس کی چاہتا ہے مدد کرتا ہے اور وہی غالب اور رحم کرنے والا ہے"۔

آخر میں سب کو پھر سلام کرتا ہوں اور سب کے لیے خیر کی دعا کرتا ہوں، اللہ روزے اور قیام کو قبول فرمائے، اللہ سبحانہ وتعالیٰ ہی نیکوکاروں کا کارساز ہے۔

والسلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

آپ کا بھائی

عطاء بن خلیل ابو الرشتہ

رمضان کی پہلی رات 1437 ہجری

6جون2016